# Fun Home Learning (تفریحی ہوم لرننگ)



URDU

بچے: عمر 4-11 سال
بڑے: عمر 12-20 سال

| ریاضی | ریڈنگ | سائنس | سماجی علوم |
|---|---|---|---|
| + − ÷ × | | | |

اپنی پسند کی سرگرمیاں منتخب کریں۔ آپ کا گھر آپ کے بچے کی پہلی درس گاہ ہے!

| سرگرمی | مضمون | مواد |
|---|---|---|
| گھر پر ساتھ مل کر کھانے کی منصوبہ بندی اور طباخی، پیمائشیں اور مقداریں استعمال کریں<br>بچے: سیریئل، سینڈ وچز، سلاد (آسان غذائیں)۔ تولنے، پیمائش کرنے، مکس کرنے اور کھانے تیار کرنے میں مدد کریں۔<br>بڑے: چاول، پاستا، پکی ہوئی سبزیاں، گوشت (زیادہ پیچیدہ غذائیں)؛ کھانے کی منصوبہ بندی، بجٹ سازی، اور کھانا تیار کرنے میں مدد کریں۔ | + − ÷ × | پکانے کے برتن<br>پیمائش کے لیے<br>چمچے اور پیالے |
| بچپن کی پرانی کہانیاں سنائیں<br>بچے: عام فہم کہانیاں سنائیں<br>بڑے: خاندانی جد وجہد یا فتح یابیوں کے بارے میں زیادہ کہانیاں سنائیں۔ | | گفتگو |
| ایک ساتھ کوئی باغیچہ اگائیں یا نہیں تو کسی پیالے یا چھوٹے برتن میں کچھ بیج لگائیں<br>بچے: کوئی جرنل رکھیں اور ہر کچھ دنوں پر تبدیلیوں کی ایک تصویر بنائیں۔<br>بڑے: ایک ہی بیج کے متعدد پودے لگائیں اور ایک حالت کو تبدیل کر دیں (مثال کے طور پر پانی یا دھوپ کی مقدار)، پیش گوئی کریں کہ کون سا بیج سب سے تیز بڑھے گا۔ ہر کچھ دنوں پر تبدیلیوں کا ایک جرنل رکھیں۔ | | بیج<br>مٹی<br>نوٹ بک<br>پنسل/ کریون |
| معاشرے کے ان لوگوں کے بارے میں بات کریں جو مدد کرتے ہیں (آگ بجھانے والے، پولیس آفیسر، کسان) اور یہ کہ ان کا کام کیا ہے<br>بچے: کسی کمیونٹی ممبر کا ان کی مدد کے لیے شکریے کا ایک نوٹ تحریر کریں یا کوئی پیغام ریکارڈ کریں۔<br>بڑے: معاشرے کے کسی اہم ممبر کے لیے کوئی خط تحریر کریں یا کوئی پیغام ریکارڈ کریں اور ان کے کام کے بارے میں سوالات پوچھیں جیسے، "آپ کے کام کا مشکل ترین حصّہ کیا ہے؟" | | کاغذ اور پنسل |
| ریسٹورنٹ کھیلیں<br>بچے: ایسے آئٹمز کی ایک فہرست بنائیں جو آپ کھانے کے لیے پکائیں گے اور اپنے بچے سے بُلوائیں کہ وہ "ریسٹورنٹ" میں کتنا خرچ کر سکتے ہیں۔<br>بڑے: اپنے بچے کو ریسٹورنٹ میں شیف یا ویٹر رکھیں۔ ہر شخص کا آرڈر لیں، کھانا تیار کرنے میں مدد کریں، اور ہر شخص کے لیے ایک رسید تیار کریں۔ | + − ÷ × | کاغذ اور پنسل<br>یا<br>کیلکولیٹر |
| ایک ساتھ مووی دیکھیں اور بات چیت کریں<br>بچے: اس بارے میں بات کریں کے انہیں کیا پسند آیا یا کیا نہیں پسند آیا۔ ایک مختلف اختتام تخلیق کریں۔<br>بڑے: کاغذ پر، جگہ، کرداروں، اور مووی میں کیا ہوا ہے اس کی وضاحت کریں۔ ایک نیا اختتام تخلیق کریں۔ کوئی کردار ہونے کا دکھاوا کریں۔ | | موویز<br>ایک ساتھ بات کرنا<br>پنسل اور کاغذ |
| آوازیں دریافت کریں<br>بچے: مختلف گلاسوں کو پانی کی مختلف مقداروں سے بھر دیں۔ یہ سننے کے لیے کہ گلاس میں پانی کی مقدار کی بنیاد پر کس طرح آوازیں تبدیل ہوتی ہیں ہر ایک گلاس پر اپنی انگلی سے ہلکی ضرب لگائیں۔<br>بڑے: مختلف گلاسوں میں پانی کی مختلف مقداریں بھر دیں، ان پر ہلکی ضرب لگائیں اور انہیں زیادہ سے کم کی ترتیب میں رکھ دیں۔ دیکھیں کہ آیا آپ پتہ لگا سکتے ہیں کہ کسی ایسے آسان نغمے کو کیسے بجانا ہے جو آپ کو معلوم ہو جیسے ہیپی برتھ ڈے۔ | | پینے کے گلاس یا<br>شیشے کی بوتلیں |
| "چھپائیں اور تلاش کریں" کھیلیں۔ ایک آدمی کوئی آئٹم منتخب کرتا ہے، جیسے کوئی چھوٹا سا کھلونا، اور اس کو ہر شخص کی نگاہ سے اوجھل رکھ کر چھپا دیتا ہے۔<br>بچے: یہ دیکھنے کے لیے تصویروں کا استعمال کرتے ہوئے ایک نقشے کا خاکہ بنائیں کہ آیا آپ ہر شخص کی اس آئٹم تک رہنمائی کر سکتے ہیں۔<br>بڑے: اس آئٹم تک خاندان کی رسائی کے لیے اس آئٹم کی طرف رہنمائیاں تحریر کریں۔ | | چھوٹا آئٹم جیسے<br>کوئی کھلونا<br>کاغذ اور پنسل |

| سرگرمی | مضمون | مواد |
| --- | --- | --- |
| کوئی پکنک، پارٹی، یا چھٹی پلان کریں۔ تخمینہ لگائیں کہ تمام چیزوں پر کتنا خرچ آئے گا۔ ہر ایک آئٹم کی فہرست بنائیں۔ کیلکولیشنز اور ورڈ پرابلمز تخلیق کرنے کے لیے گراسری اور شاپنگ کی رسیدیں محفوظ رکھیں۔<br>بچّے: تخمینہ لگائیں کہ تمام چیزوں پر کتنا خرچ آئے گا، اور اس کو جوڑ لیں۔ اس کی ایک تصویر بنائیں، یا میگزین یا اخبار کی تصویریں استعمال کریں۔<br>بڑے: ان سرگرمیوں کے لیے ایک منصوبہ بنائیں جو آپ کرنا چاہتے ہیں۔ اپنے اہل خانہ کی شامل ہونے کی حوصلہ افزائی کے لیے بہت ساری تفصیلات فراہم کریں۔ تقریبات کا ایک شیڈول تخلیق کریں۔ | + − ÷ × | کاغذ اور پنسل<br>میگزین یا اخباروں سے جگہوں کی تصاویر |
| آؤٹ ڈور اسکاوینجر ہنٹ باہر تلاش کرنے کے لیے چیزوں کی ایک فہرست تیار کر لیں، جیسے کوئی زرد پھول، کوئی پتی، اور کوئی فائر ہائڈرینٹ۔<br>بچّے: بچوں کے تلاش کرنے کے لیے آئٹمز کی ایک فہرست تیار کر لیں۔<br>بڑے: بڑوں یا چھوٹے بھائی بہنوں کے تلاش کرنے کے لیے آئٹمز کی ایک فہرست تیار کر لیں۔ |  | کاغذ اور پنسل |
| پیمائشوں کی مشق کریں<br>بچّے: یہ دیکھنے کے لیے کھانے کا ایک چمچہ یا چائے کے چمچے استعمال کریں کہ پیمائش کے 1 پیالے میں یا ½ پیالے میں یا دیگر ڈبوں میں کتنا سما سکتا ہے…<br>بڑے: فرنیچر، چٹائیوں، یا قالینوں کے لیے کمروں میں خالی جگہوں کی پیمائش کرنے کے لیے پیمائش کا ٹیپ یا پیمائش کے دیگر وسائل استعمال کریں؛ کسی باغیچہ کے لیے بیک یارڈ کی پیمائش کریں۔ |  | پیمائش کے چمچے<br>پیمائش کے پیالے |
| اپنا خود کا ملک تخلیق کریں<br>بچّے: یہ کیسا نظر آئے گا؟ اس کا موسم کیسا ہوگا؟ اس کا حاکم کون ہوگا؟ اس کے ضابطے کیا ہوں گے؟ اپنے خیالی ملک کا ایک نقشہ بنائیں<br>بڑے:  حکومت کس طرح کام کرے گی؟ اسکول کیسے نظر آئیں گے؟ اپنے خیالی ملک کا آئین تحریر کریں۔ |  | کاغذ اور پنسل |
| اندازہ لگانے کا کھیل کھیلیں<br>بچّے: روئی کے گولوں، سنگ مرمر، یا بٹنوں جیسی چھوٹی چیزوں سے کوئی مرتبان یا پیالہ بھر لیں۔ گھر میں ہر ایک شخص کا اس بارے میں کیا خیال ہے کہ مرتبان میں کتنے ہیں تحریر کریں۔ دیکھیں کہ کون قریب ترین ہے!<br>بڑے: اندازہ لگائیں کہ آپ کسی ٹنگ ٹوئسٹر کو کتنی بار کہہ سکتے ہیں یا ایک منٹ میں آپ کتنے الفاظ پڑھ سکتے ہیں۔ | + − ÷ × | مرتبان یا پیالہ<br>چھوٹی چیزیں جیسے روئی کے گولے، سنگ مرمر، بٹن، یا پھلیاں |
| "میں کیا ہوں؟" کھیلیں کھیل<br>تمام عمریں: کسی چسپندہ نوٹ، کارڈ یا کاغذ کے چھوٹے ٹکڑوں پر 10 مختلف جانور تحریر کریں یا ان کا خاکہ بنائیں۔ کارڈز کو پینٹ دیں، بغیر یہ دیکھے ہوئے کہ اس میں کیا ہے ہر شخص سے ایک کارڈ اٹھوائیں اور اسے انہیں اپنی پیشانی پر چپکانے کے لیے کہیں۔ ان کی پیشانیوں پر چپکے پر اسرار جانور کے بارے میں دوسروں سے باری باری ہاں یا نہیں والے سوالات پوچھیں جیسے "کیا میں اڑ سکتا/ سکتی ہوں؟" یا "کیا میری 4 ٹانگیں ہیں؟" یہاں تک کہ جانور کی شناخت ہو  جائے، جیسے "میں چڑیا ہوں؟"<br>بڑے: 20 مختلف جانوروں کی ایک فہرست بنائیں۔ |  | چسپندہ نوٹس یا کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے<br>ٹیپ<br>پنسل |
| تعمیر کریں، ایجاد کریں، تخلیق کریں<br>تمام عمریں: کوئی اسٹرکچر تعمیر کرنے، کوئی چیز ایجاد کرنے، یا کوئی کارآمد ڈیوائس تخلیق کرنے کے لیے گھر میں موجود دوبارہ استعمال کے قابل بنائی جانے والی چیزیں جیسے کارڈ بورڈ، پلاسٹک، کاغذ وغیرہ استعمال کریں۔<br>بڑے: کوئی ٹوٹا ہوا کیلکولیٹر، ریڈیو، یا مشین لیں، اور کل پرزوں کو ڈسپلے کریں۔ معلوم کریں کہ وہ کیا ہیں اور ان کا استعمال کس لیے ہوتا ہے۔ |  | ردی مال |
| اپنے خاندان کی ثقافت کے بارے میں بات کریں یا کوئی خاندانی عجائب گھر تخلیق کریں<br>تمام عمریں: آپ کے خاندان کی روایات کیا ہیں؟ ایسی موسیقی، زبان، کھانے، لباس اور چھٹیوں کے بارے میں بات کریں جن کا تعلق آپ کی ثقافت سے ہے۔ مزید معلومات کے لیے خاندان کے افراد کا انٹرویو کریں۔ مزید جاننے کے لیے خاندان کے افراد کا انٹرویو کریں۔ ایک پوسٹر بنائیں، کوئی تصویر بنائیں، یا کوئی کہانی لکھیں جو آپ کے خاندان کی ثقافت کے بارے میں بتاتی ہو۔ |  | بات کریں، خاکہ نگاری کریں، تصویریں آپ کو جو کچھ بھی ملے |